نمائش کتب
بین الاقوامی سیمینار

اورنگ زیب ملک (سیکرٹری اطلاعات رابطہ ادب
اسلامی و منتظم خصوصی برائے نمائش کتب)
لائبریرین پنجاب ٹیکسٹ بورڈ گلبرگ لاہور

عالمی رابطہ ادب اسلامی پاکستان کے زیر اہتمام "حرمین شریفین کے سفر نامے: جدید تحدیات کے تناظر میں" کے موضوع پر 24 - 25 اکتوبر 1997ء کو لاہور میں پہلے بین الاقوامی سیمینار کا انعقاد عمل میں آیا۔ اس سیمینار کے کو زیادہ موثر اور نمائندہ بنانے کے لئے دیگر سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ الحمرا آرٹ سنٹر میں نمائش کتب کے اہتمام کا بھی فیصلہ کیا گیا جس کی ذمہ داری راقم کو سونپی گئی۔ نمائش کتب کے بنیادی مقاصد میں اس امر کو پیش نظر رکھا گیا کہ ملکی و غیر ملکی مندوبین کو پاکستان میں شائع ہونے والی اسلامی مطبوعات سے روشناس کرایا جائے اور موضوع کی مناسبت سے پاکستان میں شائع ہونے والے حرمین شریفین کے سفر نامے بھی ایک خصوصی سٹال پر رکھے جائیں.

ابتدا میں تو یہ کام بہت آسان نظر آیا لیکن جب مجلس منتظمہ نے نمائش کتب کے سلسلہ میں پیش آنے والے مسائل خصوصا سیمینار کے موضوع کے حوالہ سے کتب کی دستیابی کے مسئلہ پر تفصیلاً غور کیا تو کئی مشکلات سامنے آئیں تاہم ڈاکٹر ظہور احمد اظہر اور ڈاکٹر محمود الحسن عارف کی رہنمائی اور تعاون سے ان کتب کا دستیاب ہونا آسان ہوا' ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی کی علمی و تحقیقی خدمات کا اظہار فوری طور پر سامنے آیا اور ان کی تیار کردہ ایک جامع فہرست راقم کو ملی جس سے خاطر خواہ استفادہ کیا گیا.

اسی دوران میں متعدد طباعتی و اشاعتی اداروں کی فہارس کتب کے ساتھ ساتھ مختلف لائبریریوں کے کیٹلاگ بھی استعمال میں لائے گئے اور جہاں جہاں ممکن ہوا ان سفر ناموں کے مصنفین سے بھی بالواسطہ یا بلاواسطہ رابطہ کیا گیا۔ بالخصوص ڈاکٹر ظہور احمد اظہر کی ذاتی کاوش سے کئی ایک سفر نامے حاصل ہوئے اور اوری اینٹل کالج کی لائبریری کے لائبریرین جناب شوکت اور

بشیر احمد بشیری کے مخلصانہ تعاون سے مزید کتب بھی مل گئیں۔ پنجاب یونیورسٹی لائبریری کے چیف لائبریرین محترم سید جمیل احمد رضوی نے ذاتی طور پر وائس چانسلر جامعہ پنجاب سے اجازت لے کر جامعہ پنجاب کی مین لائبریری سے سفرناموں کا ایک گراں قدر ذخیرہ عنایت فرمایا۔ ان کی محبت اور خلوص کا ایک اظہار یہ بھی تھا کہ وہ خود یہ تمام کتب نمائش کے مقام الحمراء تک ساتھ لائے اور انہیں ترتیب دینے میں مدد فرمائی.

الحمرا میں نمائش کتب کے لئے فراہم کی گئی جگہ ناکافی تھی' مزید براں رات 9 بجے کے بعد بجلی فیل ہو جانے کی وجہ سے پیش آنے والی دشواریاں یقیناً ہمارے کام میں رکاوٹ بنتی رہیں۔ تاہم نمائش کے انتظام میں مدد دینے والے ہمارے رفقاء کی انتھک محنت سے نہایت خوبصورت انداز میں ہال کو سجایا گیا۔ اسلامی مطبوعات کے سٹال لگانے کے لئے اردو بازار لاہور سے ''نذیر سنز ''اور ''شیخ غلام حسین اینڈ سنز'' نے اپنی خدمات پیش کیں اور ان سٹالوں پر قرآن حکیم' احادیث 'تفاسیر' سیرت النبی اور دیگر موضوعات پر کتب کا بہترین انتخاب موجود تھا۔ جامعہ پنجاب کے شعبہ اردو دائرہ معارف اسلامیہ کی جانب سے شعبہ کے چیرمین ڈاکٹر محمود الحسن عارف نے خصوصی طور پر اردو انسائیکلوپیڈیا آف اسلام کا مکمل سیٹ اور دیگر مطبوعات نمائش کے لیے عنایت فرمائیں اور یہ مطبوعات ایک خصوصی سٹال پر استفادۂ عام و فروخت کے لیے پیش کی گئیں۔ الحمرا ہال نمبر 3' جہاں پر نمائش کا انتظام کیا گیا تھا' میں ایک خصوصی کارنر میں قرآن حکیم کے لاتعداد نسخے شائقین علم کی توجہ کا مرکز بنے رہے' یہاں نمائش کتب کے ساتھ ساتھ پتوں پر اسلامی خطاطی کی نمائش کا اہتمام بھی کیا گیا اور عالمی شہرت یافتہ برگ مصور جناب ناصر حق کے یہ شہ پارے' جن پر اللہ تعالیٰ' حضور اکرم ﷺ' خلفائے راشدین' امہات المؤمنین اور صحابہ کرامؓ کے اسمائے گرامی نہایت خوبصورتی سے تحریر کئے گئے تھے' نمائش میں عوام کی ... حاصل کرتے رہے' ایک سٹال پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد نے اپنی مطبوعات اور ویڈیو تعلیمی سلسلہ کے ساتھ ساتھ نئی ویڈیو سرکٹ کا انتظام کر رکھا تھا' جبکہ ہال کو عالمی رابطہ ادب اسلامی کے مختلف بینرز سے سجایا گیا.

24 اکتوبر کو بین الاقوامی سیمینار سے صدر مملکت جناب فاروق احمد خان لغاری نے خطاب فرمایا اور نمائش کتب کا افتتاح کرنے کے لئے ہال نمبر 3 میں تشریف لائے۔ صدر مملکت' گورنر پنجاب جناب شاہد حامد کے ہمراہ نمائش کے تمام سٹالوں پر آئے اور متعدد سوالات کیے۔ انہوں نے خصوصاً اردو انسائیکلوپیڈیا آف اسلام کی اشاعت اور تکمیل پر مسرت کا اظہار فرمایا اور

نہایت دلچسپی سے مختلف جلدوں کا جزوی مطالعہ کیا۔ انہوں نے نمائش کتب کے شاندار انتظامات کو سراہا' صدر مملکت کو اس موقعہ پر جناب ناصر حق کی جانب سے اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ پر مشتمل دو فریم پیش کیے گئے۔

سیمینار کے اختتامی اجلاس کے بعد ملکی و غیر ملکی مندوبین نے نمائش کا دورہ کیا اور پاکستانی مطبوعات میں گہری دلچسپی لی۔

بین الاقوامی سیمینار کے دوسرے روز (۲۵ اکتوبر) کی اختتامی نشست کا اہتمام الحمرا ہال نمبر ۳ میں کیا گیا تھا۔ جس کی صدارت کے لئے پنجاب کے وزیر اعلیٰ جناب میاں محمد شہباز شریف تشریف لائے۔ اس موقع پر وہ عالمی رابطہ ادب اسلامی کے بانی مولانا سید ابوالحسن ندوی کے ہمراہ نمائش کتب ہال میں تشریف لائے اور مختلف سٹالوں پر گئے۔

الغرض اس موقع پر منعقد شدہ نمائش ہر اعتبار سے کامیاب رہی۔